EFU LIFE
JS BANK



# ای ایف یو
# روشن کل پلان

روشن تر کل کے لئے

# ای ایف یو روشن کل پلان



**ای ایف یو روشن کل پلان** کے ساتھ زندگی کے اتار چڑھاؤ کا مقابلہ کیجئے۔ چاہے آپ زندگی کے کسی بھی مقام پر ہوں، ہمارا شاندار اور باسہولت بچت اور تحفظ پلان ایک روشن کل کے لئے آپ کی مالی حیثیت کو مضبوط بناتا ہے۔ روشن کل مالی ترقی کے ساتھ ساتھ زندگی کے تحفظ کی مکمل منصوبہ بندی کرتا ہے۔ یہ بیمہ انویسٹمنٹ لنکڈ پروڈکٹ ہے جو روشن مستقبل کے لئے ایک پلان ہے۔ جس کی آپ کو اور آپ کے اہل خانہ کو ضرورت ہے۔

## پروڈکٹ کا اظہار

**اس زندگی کے بیمہ کی دو نمایاں خصوصیات یہ ہیں: انشورنس کا تحفظ اور سرمایہ کاری۔ سرمایہ کاری منسلک ہے یونٹ لنکڈ فنڈ (فنڈز) میں موجود اثاثہ جات کی کارکردگی سے**

## غور و فکر کا دورانیہ (فری لک پیریڈ)

**اگر آپ لکھی ہوئی پالیسی دستاویزات کی وصولی کے 14 دن کے اندر اپنی رکنیت منسوخ کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو آپ ای ایف یو لائف کے طبی/کلینیکل معائنہ جات کے سلسلے میں اٹھنے والے اخراجات منہاء کر کے، پریمیم کی مکمل ادائیگی کی واپسی کے اہل ہونگے۔**

## اہم تفصیلات

| | |
|---|---|
| عمر کی اہلیت | 18 سے 65 سال |
| پلان کی مدت | پوری زندگی |
| کم از کم پریمیم | 24,000 روپے سالانہ |
| اضافی اختیاری پریمیم | کم از کم 24,000 روپے |

## نشوونما کے لئے مواقع:

اس پلان میں ادا کیا جانے والا ہر پریمیئم ای ایف یو لائف کے منتخب کردہ کسی ایک یا دو سرمایہ کاری فنڈز میں لگایا جائے گا۔ یہ مکمل طور پر آپ کا فیصلہ ہوگا کہ اپنے سرمایہ کاری کے مقاصد کی بنیاد پر فنڈ کا انتخاب کریں۔

آپ درج ذیل یونٹ فنڈز میں سے انتخاب کر سکتے ہیں:

تمام فنڈز کی رسک پروفائیلنگ ان میں کی جانے والی سرمایاکاری کے تحت کی گی ہے

| فنڈز | |
|---|---|
| **ای ایف یو گارنٹیڈ گروتھ فنڈ** | **ای ایف یو مینجڈ گروتھ فنڈ** * |
| فنڈ کی قسم: منی مارکٹ فنڈ | فنڈ کی قسم: بیلنسڈ |
| رسک پروفائل: کم | رسک پروفائل: درمیانی |
| مستحکم آمدنی فراہم کرنے والا سرمایہ کاری فنڈ جس میں یہ ضمانت دی جاتی ہے کہ فنڈ کی بولی قیمت (بِڈ پرائس) کبھی نیچے نہیں آئے گی۔ اسکا مقصد قلیل المیعاد قرضہ لینے والے مالیاتی اداروں میں سرمایہ کاری کے ذریعے سرمایہ کی مستحکم نشوونما ہے۔ | متوازن سرمایہ کاری کی حکمت عملی کے ساتھ سرمایہ کاری فنڈ ہے۔ اسکا ہدف حکومتی مالیاتی اداروں میں محتاط طریقے سے منتخب کردہ بلوچپ ایکوئیٹیز میں اور مختلف فکسڈ انکم سیکیورٹیز اور نقد میں سرما کاری کے ذریعے سرمائے میں مناسب فروغ اور مستحکم آمدنی کا حصول ہے۔ |
| **ای ایف یو ایگریسو فنڈ** | **ای ایف یو انکم گروتھ فنڈ** |
| فنڈ کی قسم: ایگریسو | فنڈ کی قسم: انکم فنڈ |
| رسک پروفائل: زیادہ | رسک پروفائل: کم |
| زیادہ آمدنی فراہم کرنے والے مالیاتی اداروں میں سرمایہ کاری کے مقصد سے وضع کیا جانے والی ایک سرمایہ کاری فنڈ۔ اس کا مقصد مارکیٹ کی متوقع تیزی کو مدنظر رکھتے ہوئے سرمائے کو زیادہ سے زیادہ فروغ دینا ہے۔ | ایک سرمایہ کاری فنڈ جس کا مقصد سیکیوریٹیز میں سرمایہ کاری کر کے مستحکم بڑھوتری حاصل کرنا ہے۔ اس کا ہدف حکومتی مالیاتے اداروں اور قرضہ دینے والی اعلیٰ معیاری مالیاتی اداروں میں سرمایہ کاری کے ذریعے سرمایہ کی مستحکم نشونما ہے |

**متعدد فنڈز کی سہولت (ملٹیپل فنڈز آپشن):** اس سہولت کے تحت، آپ پلان کے یونٹ سے منسلک دو فنڈز کے مرکب کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ فنڈز کو 10 فیصد کے ملٹیپل کے تحت منتخب کیا جاسکتا ہے۔ اسکا مطلب ہے کہ فنڈز کو 10/90، 20/80، 30/70، 40/60 یا 50/50 میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔

***ای ایف یو گارنٹیڈ گروتھ فنڈ خودکار طور پر منتخب کیا جائے گا**

## فوائد:

## حفاظتی حصار سرمایہ کاری کے ساتھ:

جیسے ہی کوئی فرد **ای ایف یو روشن کل پلان** کے ساتھ بچت شروع کرتا ہے اس کو زندگی بیمہ کے تحفظ کا یقینی درجہ حاصل ہو جائے گا۔

بیمہ دار (پالیسی ہولڈر) کی ناگہانی وفات کی صورت میں مستفیدان (بینیفیشری) حاصل کریں گے:

- تاریخ وفات پر منصوبے کی نقد مالیت (کیش ویلیو)، یا بیمہ کردہ رقم، (دونوں میں سے جو زائد ہوں۔)

اور

- اضافی اختیاری پریمئیم (فنڈ ایکسلریشن پریمئیم) ادائیگیوں کی نقد مالیت (کیش ویلیو)

کسی فرد کی زندگی کے دور پر اور بیمہ زندگی کے تحفظ پر انحصار کرتے ہوئے، پلان زرِ بیمہ کا کم سے زیادہ درج منتخب کرنے کی سہولت فراہم کرتا ہے، اگر حالات بدل جائیں۔

## ضمنی فوائد

**ایکسیڈنٹل ڈیتھ اینڈ ڈس ایبلیٹی بینیفٹ:*** حادثاتی وفات یا معذوری کی صورت میں، یہ ضمنی فائدہ (رائڈر) ایک اضافی یکمشت فائدہ فراہم کرتا ہے۔

**ایکسیڈنٹل ڈیتھ اینڈ ڈس ایبلیٹی بینیفٹ پلس:*** حادثاتی وفات یا معذوری کی صورت میں (جزوی یا مستقل) جو آپ کو مستقل طور پر معذور کردے۔ آپ کے اہل خانہ کو اس مشکل سے نمٹنے کیلئے یہ ضمنی فائدہ (رائڈر) ایک اضافی یکمشت فائدہ فراہم کرتا ہے۔

**ایڈیشنل ٹرم اشورنس:** اس ضمنی فائدے کے تحت بیمہ دار (پالیسی ہولڈر) کی وفات کی صورت میں اضافی بیمہ رقم فراہم کی جائے گی

**ویور آف پریمیئم:** کسی بیماری یا حادثے کی صورت میں بیمہ دار (پالیسی ہولڈر) اگر اپنی ملازمت جاری نہ رکھ سکے تو پلان کا پریمیم ای ایف یو ادا کرے گا۔

**لائف کیئر پلس بینیفٹ:** یہ ضمنی فائدہ (رائڈر)، 15 تحفظ شدہ سنگین بیماریوں میں سے کسی کے بھی ہو جانے پر یا تشخیص پر، 50,000 روپے کی حد سے شروع ہو کر زیادہ سے زیادہ 1.5 ملین روپے سے مشروط اصل پلان کے زرِ بیمہ کے مساوی ایک لچکدار فائدہ فراہم کرتا ہے۔

**فیملی انکم بینیفٹ:** یہ اس امر کو یقینی بناتا ہے کہ پلان کی مدت کے دوران بیمہ دار (پالیسی ہولڈر) کی ناگہانی وفات کی صورت میں ماہانہ آمدنی اسکے خاندان کو قابلِ ادا ہو گی۔

* کسی ایک **ایکسیڈنٹل ڈیتھ بینیفٹ** کا انتخاب کیا جا سکتا ہے۔

**یونٹ ایلوکیشن:** یونٹس میں سرمایہ کاری کے لئے پریمیئم کا تناسب پالیسی سال کے حساب سے مختلف ہوتا ہے اور ذیل میں درج ہے:

| پالیسی سال | ایلوکیشن | ایلوکیشن کی چارجز * |
|---|---|---|
| 1 | 57.5 فیصد | 42.5 فیصد |
| 2 | 80 فیصد | 20 فیصد |
| 3 | 90 فیصد | 10 فیصد |
| 4 - 10 | 100 فیصد | 0 فیصد |
| 11 اور بعد ازاں | 100 فیصد اور خیر خواہی بونس | 0 فیصد |

*اوپر درج ٹیبل کے مطابق ہر سال ادا کئے گئے پریمیئم میں سے تخصیص کی فیس منہاء کی جائے گی اور بقایا رقم اکاؤنٹ ویلیو کو مختص کی جائے گی

**خیر خواہی بونس (لائلٹی بونس):**

پالیسی کو طویل المیعاد مدت تک جاری رکھنے کی صورت میں آپ خیر خواہی بونس سے مستفید ہو سکتے ہیں۔ پالیسی کے پہلے گیارہ سال گزرنے کے بعد سے ہر پانچویں سال کے بعد 'خیر خواہی بونس' کے یونٹس مختص کئے جاتے ہیں۔ درج ذیل اضافی یونٹس بطور خیر خواہی بونس، بنیادی پلان میں مختص کئے جائیں گے:

| پالیسی سال | خیر خواہی بونس ایلوکیشن |
|---|---|
| 11 | 30 فیصد |
| 16 | 45 فیصد |
| 21 | 60 فیصد |
| 26 | 75 فیصد |
| 31 | 90 فیصد |
| اور پھر مزید | |

## زرِبیمہ:

یہ رقم بیمہ دار/ پالیسی ہولڈر کی وفات کے وقت ادا کی جاتی ہے۔ زرِبیمہ پلان میں اندراج کی عمر پر منحصر رینج سے منتخب کیا جاسکتا ہے۔ زرِبیمہ منتخب کردہ پروٹیکشن ملٹپل سے بنیادی پلان کے پریمیئم کو ضرب دے کر حاصل کیا جاتا ہے، جو درج ذیل ٹیبل میں درج ہے:

| عمر | پروٹیکشن ملٹپل |
|---|---|
| 18 سے 35 سال | 5 سے 75 |
| 36 سے 40 سال | 5 سے 50 |
| 41 سے 49 سال | 5 سے 35 |
| 50 سے 65 سال | 5 سے (70-عمر) |

## اضافی اختیاری پریمیئم (فنڈ ایکسلریشن پریمیئم):

اگر آپ کے پاس پلان کی مدت کے دوران کسی بھی وقت اضافی نقد رقم موجود ہو تو اپنی نقد مالیت (کیش ویلیو) کو بڑھانے کے لئے آپ اس کو پلان میں سرمایہ کاری کے لئے استعمال کرسکتے ہیں۔ ان اضافی ادائیگیوں کو اضافی اختیاری پریمیئم (فنڈ ایکسلریشن پریمیئم) کہتے ہیں۔ آپ یہ ادائیگیاں پالیسی کے نافذ العمل ہوتے ہوئے کسی بھی وقت ادا کرسکتے ہیں۔ کم از کم اضافی اختیاری پریمیئم (فنڈ ایکسلریشن پریمیئم) 24,000 روپے فی ادائیگی ہے۔

اضافی اختیاری پریمیئم کا 100 فیصد منتخب شدہ فنڈ میں یونٹس کی خریداری کے لئے مختص کیا جاتا ہے۔

## مکمل اور جزوی دستبرداری:

پلان آپ کو جمع شدہ فنڈ قدر تک مکمل رسائی فراہم کرتا ہے۔ دوسرے سال کے باقاعدہ پریمیئم کی ادائیگی کے بعد تمام جمع شدہ یونٹس نکلوائے جاسکتے ہیں۔ جزوی دستبرداری کی سہولت بھی دستیاب ہے جو اس پلان میں کم سے کم 20,000 روپے کی نقد مالیت کے موجودگی سے مشروط ہے۔ اگر صارف مکمل دستبرداری کا انتخاب کرتا ہے تو تمام یونٹس کو نقد میں تبدیل کردیا جائے گا اور پلان ختم کردیا جائے گا۔

## افرادِ زر (انڈیکسیشن):

ایک بار جب آپ یہ سہولت منتخب کرتے ہیں تو اس انتخاب کی صورت میں آپ کا پریمیئم ہر سال پچھلے سال کے پریمیئم کے 5 فیصد کے حساب سے غیر معینہ طور پر بڑھے گا۔ زرِبیمہ بھی اسی تناسب سے بڑھے گا۔ البتہ آپ زرِبیمہ کو بڑھائے بغیر صرف پریمیئم بڑھانے کا اختیار منتخب کرسکتے ہیں۔ چنانچہ پریمیئم میں یہ اضافہ صرف آپ کے سرمائے کو بڑھانے کے لئے استعمال ہوگا۔

زرِبیمہ پر انڈیکسیشن کی شرح کے مطابق اضافے کا آپشن 55 سال کی عمر تک حاصل کرسکتے ہیں، بشرطیکہ آپ ابتدائی طور پر طے کردہ شرائط کے مطابق منظور شدہ ہوں۔

**دعوٰی (کلیم):** کسی بھی ناگہانی کی صورت میں، آپ اپنے دعوٰے (کلیم) کی اطلاع جے ایس بینک لمیٹڈ کی کسی بھی شاخ میں جا کر، ای ایف یو ہیڈ آفس آ کر یا ملک میں ای ایف یو کی کسی بھی شاخ میں جا کر دے سکتے ہیں۔ فوری عمل درآمد کے لئے آپ ہمارے کال سینٹر 111-338-111-021 پر رابطہ کر سکتے ہیں یا ہماری ویب سائٹ پر موجود اطلاع فارم بھریئے اور ہمیں cod@efulife.com پر ای میل کر دیجئے یا آپ جے ایس بینک کے کال سینٹر 321 654-111-021 اور CCU.Helpdesk@jsbl.com پر بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔ بعدازاں، اگلے مراحل سے آگاہ کرنے کیلئے آپ سے رابطہ کیا جائے گا۔

## اخراجات (چارجز) کیا ہیں؟

| چارجز | ریٹ/ پاکستان روپے میں |
|---|---|
| انتظامی اخراجات (ایڈمنسٹریشن چارج) | 90 روپے ماہانہ |
| بڈ/آفر (بولی/پیشکش) سپریڈ | مختص شدہ بنیادی اور اضافی فنڈ پریمیئم کا 5 فیصد |
| سرمایہ کاری انتظامات اخراجات (انویسمنٹ منیجمنٹ چارج) | فنڈ قدر کا 0.125 فیصد ماہانہ |
| مورٹیلیٹی چارج (بیمہ کی مالیت) | ہر سال عمر پر مشتمل بیمہ حیات کے خطرے کے امکان کو مدنظر رکھتے ہوئے، مورٹیلیٹی چارج لاگو ہوتا ہے جو سم ایٹ رسک کے تحت حاصل کیا جاتا ہے۔ البتہ جب کیش ویلیو سم کور سے بڑھ جائے تو مورٹیلیٹی کی مد میں کوئی رقم منہا نہیں کی جائے گی |
| فنڈ تبدیل کرنے کی فیس | 500 روپے |
| دستبرداری عمل درآمد فیس | 500 روپے |
| دستبرداری اخراجات | 100 فیصد پہلے سال کے لئے |
| تخصیص کی فیس | اوپر دی گئی یونٹ کی تخصیص کی ٹیبل |

## انتباہ:

- یہ پروڈکٹ ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ نے انڈر رائٹ کیا ہے۔ یہ پروڈکٹ جے ایس بینک لمیٹڈ یا اسکی ذیلی کمپنی کی نہیں اور نہ جے ایس بینک لمیٹڈ اس کا ضامن ہے۔
- جے ایس بینک محض اپنے گرانقدر صارفین کے لئے اس پروڈکٹ کی تشہیر/تقسیم کار اور کارپوریٹ انشورنس ایجنٹ کی حیثیت سے کام کر رہا ہے
- آپ کے سرمائے میں اضافے کا انحصار فنڈز کی کارکردگی پر ہوتا ہے۔

- فنڈ میں ہونے والی تمام سرمایہ کاری مارکیٹ رسک سے مشروط ہے۔فنڈ کی آئندہ کی کارکردگی کالازمی درومدار پچھلی کارکردگی پر نہیں ہوتا۔کسی قسم کا پیشگی اندازہ ضروری نہیں کہ مستقبل کی ترجمانی کرے یا فنڈز کی ممکنہ کارکردگی کو بیان کرے اور نہ ہی ای ایف یولائف اشورنس لمیٹڈ یا جے ایس بینک لمیٹیڈ اس قسم کی کسی چیز کے ذمہ دار نہیں ہونگے۔منتخب کردہ فنڈ میں سرمایہ کاری کا رسک بہرحال بیمہ دار (پالیسی ہولڈر) پر لاگو ہوگا۔
- فوائد کی انفرادی وضاحت ہمارے کنسلٹنٹ کی طرف سے آپ کے لئے فراہم کی جائے گی ازراہِ کرم مختلف شرائط وضوابط کی تفصیلی وضاحت حاصل کرنے کے لئے پالیسی دستاویزات کا مطالعہ کریں،آپ کی جانب سے پلان کی شرائط وضوابط کی مکمل تفہیم مطلوب ہے۔
- پلان پر وہ ٹیکسز لاگو ہونگے جو ٹیکس قوانین کے مطابق ہوں
- معاہدے کے طریقے کار کی وضاحت شرائط وضوابط میں کی گئی ہے۔یہ کتابچہ پروڈکٹ کی خصوصیات اور فوائد کا صرف عموعی خلاصہ پیش کرتا ہے

## ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ

ای ایف یو ہاؤس، پلاٹ نمبر 112، 8th اسٹریٹ، فیز ون، ڈی ایچ اے، کراچی، پاکستان۔
فیکس: 3453-7519 (021) ای میل: csd@efulife.com